## تعارف وتبصرہ

### اِقسام الاَیمان فی اقسام القرآن ڈاکٹرف۔عبدالرحیم

ناشر: دار القلم ۔ پوسٹ بکس: ۴۵۲۳، دمشق،سنہ اشاعت ۲۰۱۶ءصفحات:۱۲۶، قیمت درج نہیں ہے۔

زیرنظر تصنیف محترم ڈاکٹرف،عبدالرحیم کی تازہ ترین پیش کش ہے۔آپ کی شخصیت عربی زبان سے تعلق رکھنے والوں کے لیے محتاجِ تعارف نہیں ہے۔آپ ایک درجن سے زیادہ عالمی زبانوں کے ماہر ہیں۔آپ کی کتاب 'دروس **اللغة العربية لغير الناطقين بها**' کوغیرعربوں کو عربی زبان کی تعلیم کے لیے دنیا کا مقبول ترین کورس مانا جاتا ہے اور متعدد مما لک میں یہ کتاب داخل نصاب ہے۔

ڈاکٹرف،عبدالرحیم کا نظریہ یہ ہے کہ قرآن مجید کی زبان کی تعلیم کے لیے خود قرآن مجید سے بہتر اور کوئی ذریعہ نہیں ہے۔آپ نے عملاً اسے اپنی کئی کتابوں میں پیش کیا ہے۔اس کا آغاز 'المسعف فی اللغة واعراب سورة یوسف' سے ہوتا ہے،جو عربی میں ہے۔اس کے بعد Selections from the glorious Quran، نورعلی نور،سورة الحجرات، انا قلتم، وقل لهما قولاً کریماً اور At the well of Madyan ہیں۔ یہ سب انگریزی میں ہیں۔ زیرنظر تصنیف بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے،لیکن اس سے ذرا سا مختلف۔ سابقہ کتابوں میں جہاں آپ نے منتخب سورتوں یا آیتوں کے ضمن میں وارد قرآن مجید کے مختلف لسانی پہلوؤں اور اسالیب کا مطالعہ کیا ہے، وہیں اس کتاب میں ایک خاص اسلوب کی ساری آیتیں جمع کر کے اس کی روشنی میں اس کا مطالعہ وتجزیہ کیا ہے۔اس اسلوب کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ بقول مؤلف قرآن مجید کی ایک سو چودہ (۱۱۴) سورتوں میں سے اسی (۸۰) سورتوں اور تقریباً چارسو (۴۰۰) آیتوں میں یہ اسلوب پایا جاتا ہے۔اسی لیے عرب وعجم کے قدیم وجدید محققین کے غور وفکر کا خاص موضوع رہا ہے اور اس پر ان کی تالیفات موجود ہیں۔

زیر نظر تالیف چار حصوں پر مشتمل ہے: پہلے حصے میں مصنف نے اسلوبِ قسم کے احکام و مسائل بیان کیے ہیں، دوسرے میں اسلوب پر مشتمل تمام آیتیں یکجا کر دی ہیں، تیسرے حصے میں قسم اور چوتھے میں جوابِ قسم پر مشتمل آیتوں کو مختلف پہلوؤں سے تقسیم کیا گیا ہے۔ کتاب میں ہر بات نقد و تحقیق اور حوالوں کے ساتھ کہی گئی ہے اور اس سلسلے میں ماہرینِ زبان کے علاوہ مفسرین کرام اور علوم قرآن کے ماہرین کی تصنیفات سے نہ صرف بھر پور استفادہ کیا گیا ہے، بلکہ یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ ان کے مباحث کا خلاصہ پیش کر دیا گیا ہے۔

کتاب کی طباعت و اشاعت دار القلم دمشق نے کی ہے، جو مؤلف ہی کی طرح علمی اور طباعتی حلقوں میں اپنے معیار کے معاملے میں ایک منفرد اور ممتاز مقام کی حامل ہے۔ امید ہے یہ کتاب نہ صرف عربی زبان سیکھنے والوں کے لیے ایک بیش قیمتی تحفہ ثابت ہوگی، بلکہ قرآن مجید کے زبان و بیان سے دل چسپی رکھنے والے ماہرین بھی اسے ہاتھوں ہاتھ لیں گے۔ (الطاف احمد مالانی)

## معرفۃ الحرام فی شریعۃ الاسلام — محمد اسعد اعظمی

ناشر: ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، کوچہ پنڈت، لال کنواں، دہلی، ۲۰۱۶، صفحات: ۲۷۲، قیمت: ۳۰۰ روپے

شریعتِ اسلامی میں حلال و حرام کا مسئلہ بہت اہم اور نازک ہے۔ اس کا تعلق انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں سے ہے۔ خورد و نوش، لباس، معاملات، بیع و شرا، کسبِ معاش، غرض زندگی کا کوئی پہلو ایسا نہیں جس میں ایک مسلمان کو حلال و حرام سے متعلق واقفیت حاصل کرنے کی ضرورت نہ ہو۔

زیرِ نظر کتاب میں انسانی زندگی میں کثرت سے پیش آنے والے مسائل سے بحث کی گئی ہے۔ جدید مسائل کا بھی احاطہ کیا گیا ہے۔ اس کے مصنف مولانا مفتی محمد اسعد اعظمی 'حلال انڈیا چنّئی' (جو حلال سرٹیفکٹ دینے والا ایک ادارہ ہے) کے شریعہ بورڈ میں بہ حیثیت مفتی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

یہ کتاب دس ابواب پر مشتمل ہے: باب اوّل 'شریعت میں حلال و حرام' کے

عنوان سے ہے۔ اس میں حلال کی اہمیت وفضیلت بیان کی گئی ہے اور حرام کی نحوست اور اس پر ملنے والے عذاب کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ باب دوم میں تجارت: خرید وفروخت اور شرکت و مضاربت کے فضائل ومسائل زیرِ بحث آئے ہیں۔ اس سیاق میں اگلے تین ابواب (سوم، چہارم، پنجم) میں سود، جوا، فکسڈ ڈپازٹ، انشورنس، رشوت، غصب اور چوری کی حرمت اور مذمّت بیان کی گئی ہے اور ان سے متعلق بہت سے مسائل سے بحث کی گئی ہے۔ چھٹا باب 'اجارہ' کے لیے خاص ہے۔ اس میں اس سے متعلق مختلف مسائل اور ان کے احکام سے بحث کی گئی ہے۔ ساتویں باب میں نشہ آور اشیاء کا حکم اور ان سے متعلق مسائل بیان کیے گئے ہیں۔ آٹھویں باب میں حلال وحرام حیوانات کا بیان ہے اور مسائلِ ذبح کی وضاحت کی گئی ہے۔ نویں باب میں ذبیحہ کے علاوہ دیگر حرام ومکروہ ماکولات مذکور ہیں اور دسواں باب احکامِ لباس سے متعلق ہے۔

فاضل مصنف نے مسائل کے بیان میں آیاتِ قرآنی اور احادیثِ نبوی سے استدلال کیا ہے اور فقہ وفتاویٰ کی کتابوں سے بھی مدد لی ہے اور ان کے حوالے دیے ہیں۔ کتاب میں تقریباً ایک سوستّر (۱۷۰) مسائل پر گفتگو کی گئی ہے۔ ابتدا میں نو(۹) علمائے کرام اور اصحابِ افتا (جن میں سے بعض مؤلف کے اساتذہ ہیں) کی تقریظات شامل کی گئی ہیں، جن میں ان کی محنت اور عرق ریزی کی تحسین اور بیانات کی تصویب وتوثیق کی گئی ہے۔

امید ہے، اس کتاب کو علمی و دینی حلقوں میں مقبولیت حاصل ہوگی اور اس سے فائدہ اٹھایا جائے گا۔ (محمد رضی الاسلام ندوی)

## تصوف کی حقیقت
پروفیسر مقصود احمد

ناشر: حضرت پیر محمد شاہ لائبریری اینڈ ریسرچ سینٹر، احمد آباد، گجرات، ملنے کا پتہ: ۲۰۳۔ شفا کمپلکس، گندلجہ روڈ، بروڈہ، گجرات۔۳۹۰۰۲۰ ۔صفحات: ۱۲۸، قیمت: ۱۲۰ روپے۔

تصوف کی تاریخ، عقائد، ماہیت، ارکان، اجزائے ترکیبی اور ارتقاء سے متعلق